DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 615

DATED 16-07-2026.

**SUBJECT:-** **PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

*for* **(Director General)**

***The Press Secretary to***
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 16.07.2026

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | شہباز شریف سے عبدالمالک بلوچ کی ملاقات، بلوچستان میں قیام امن پر تبادلہ خیال | جنگ و دیگر اخبارات |
| 02 | جامعہ ایس بی کے بلوچستان کا روشن مستقبل تشکیل دے رہی ہے، گورنر | سنچری و دیگر اخبارات |
| 03 | ریاست دشمن عناصر کیلئے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں، وزیر اعلیٰ بگٹی | جنگ و دیگر اخبارات |
| 04 | سانحی زیارت مذاکرات میں تعطل کی وجہ سیاسی مداخلت ہے، نور محمد دمڑ | مشرق و دیگر اخبارات |
| 05 | طالبان بلوچ دہشت گردوں کی مدد اور انڈیا فنڈنگ کر رہا ہے، ضیاء لانگو | مشرق و دیگر اخبارات |
| 06 | خضدار میں امیر حمزہ زہری کی مختلف شخصیات سے تعزیت | مشرق و دیگر اخبارات |
| 07 | بلوچستان میں سینڈک منصوبے کی سیکورٹی مزید سخت کرنے کے احکامات | جنگ و دیگر اخبارات |
| 08 | عوامی خدمت کا سفر جذبے کے ساتھ جاری رہے گا، سردار کوہیار ڈومکی | جنگ و دیگر اخبارات |
| 09 | حلقے میں ترقی کے نئے دور کا آغاز کر دیا، لیاقت لہڑی | جنگ و دیگر اخبارات |
| 10 | کیچ پی ایس ڈی آئی پروگرام فیز 3 کے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ اجلاس | مشرق و دیگر اخبارات |
| 11 | بلوچستان پولیس کے دو افسران کیلئے الوداعی تقریب | مشرق و دیگر اخبارات |
| 12 | بلوچستان میں اسلحہ لائسنس کی پروسیسنگ بند کرنے کے احکامات | مشرق و دیگر اخبارات |
| 14 | بلوچستان نرسنگ طلبہ کا مسئلہ حل ڈگریوں کے اجراء کا فیصلہ | جنگ و دیگر اخبارات |
| 15 | انتظامیہ اور ڈاکٹروں کے مذاکرات کامیاب ہسپتالوں میں او پی ڈیز بحال | جنگ و دیگر اخبارات |
| 16 | گرلز کالج روڈ شہید پروفیسر ناظمہ طالب کے نام سے منسوب | جنگ و دیگر اخبارات |
| 17 | بلوچستان میں فورسز سروسز پر سیلز ٹیکس دگنا کر دیا گیا | جنگ و دیگر اخبارات |
| 18 | نیشنل پارٹی کا حاجی نور احمد لہڑی کی بحفاظت بازیابی کا مطالبہ | جنگ و دیگر اخبارات |
| 19 | حکومت لواحقین کے جائز مطالبات ماننے کیلئے تیار نہیں، مولانا لونی | جنگ و دیگر اخبارات |
| 20 | حکومت اور سیاسی جماعتوں کے مذاکرات میں ڈیڈ لاک دھرنا جاری | جنگ و دیگر اخبارات |

## امن وامان:

چاغی میں نامعلوم شخص کی لاش برآمد، کوئٹہ دہشتگردوں نے چار مغوی اہلکاروں کو شہید کر دیا آپریشن شعبان میں تین خارجی ہلاک، کوئٹہ راہزنی مزاحمت پر نوجوان جاں بحق،

## مسائل:

خضدار میں مرغی کے گوشت کی قیمت کے من مانے ریٹ، کوئٹہ میں پینے کے پانی مسئلہ سنگین ہوگیا، ٹینکر مافیا کا راج، پنجگور مشرقی خدا باد ان سراوان کے روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار، تفتان پاسپورٹ گیٹ کی بندش عوام کو مشکلات کا سامنا

CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| **DIRECTORATE**<br>**GENERAL PUBLIC RELATIONS**<br>**BALOCHISTAN** | | **نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**<br>**حکومت بلوچستان** |

**مورخہ 16.07.2026**

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ "**ملک میں گندم کی کوئی کمی نہیں!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ پاکستان گندم کی پیداوار میں خود کفیل ملک ہے لیکن بدقسمتی سے اس کے باوجود آئے روز یہاں گندم کی قلت کی وجہ سے آٹے کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا رہتا ہے اس کی مختلف وجوہات بتائی جاتی ہیں، کبھی فلورسر ملز کو گندم نہیں ملتی، کبھی اس کی نقل وحمل پر پابندی لگادی جاتی ہے اس سے وہ صوبہ جس میں گندم کی پیداوار بہت کم ہوتی ہے زیادہ تر متاثر ہوتا ہے ان میں بلوچستان شامل ہے متعلقہ ادارے اس کا مستقل حل نکالنے میں ناکام رہے ہیں ان کو اس بات کا اندازہ ہی نہیں ہوتا کہ ہمارے ہاں یہ تاجر و مافیاز ہیں گندم کو سستے داموں درآمد ہوتے ہیں جب ملک میں اس کی قلت ہوتی ہے تو پھر وہ مہنگے داموں برآمد کرتے ہیں جس سے آٹے کی قیمتیں بہت زیادہ ہوجاتی ہیں اس کے باعث ایک غریب آدمی زیادہ متاثر ہوتا ہے کیونکہ آٹا ہر بندے کی ضرورت ہوتی ہے ابھی چند دنوں سے ایک بار پھر آٹا مہنگا ہونا شروع ہوگیا ہے جو کہ بڑی تشویشناک بات ہے گذشتہ روز وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق رانا تنویر حسین نے اپنی زیر صدارت ملک میں گندم کی پیداوار، دستیابی، خریداری اور مارکیٹ میں قیمتوں کا جائزہ لینے کیلئے وہیٹ بورڈ کے 9ویں اجلاس سے خطاب کرتے وہئے واضح کیا ہے کہ ملک میں گندم کی کوئی قلت نہیں اس کی قیمتوں میں اضافہ اور ذخیرہ اندوزی کیخلاف کارروائی ہوگی انہوں نے انکشاف کیا کہ رواں برس گندم کی پیداوار گزشتہ سال کے مقابلے میں 13لاکھ 60ہزار میٹرک ٹن زیادہ رہنے کا تخمینہ ہے۔

**اداریے:**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Balochistan's faultlines" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 16 JUL 2026 Page No. 1


# شہباز شریف سے عبدالمالک بلوچ کی ملاقات، بلوچستان میں قیام امن پر تبادلہ خیال

شرکاء کا صوبے میں امن و استحکام کے فروغ اور عوامی مسائل کے حل کے لیے باہمی تعاون کی ضرورت پر زور

وفاقی حکومت اور پارٹی وفد کی بلوچستان کی موجودہ صورتحال، ترقیاتی معاملات اور سیاسی امور پر تفصیلی بات چیت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے سابق وزیراعلیٰ بلوچستان اور نیشنل پارٹی کے رہنما......

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

رکن صوبائی اسمبلی عبدالمالک بلوچ نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں امن و امان کی مجموعی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کی موجودہ صورتحال، امن کے قیام، ترقیاتی معاملات اور سیاسی امور پر بھی گفتگو ہوئی۔ شرکاء نے صوبے میں امن و استحکام کے فروغ اور عوامی مسائل کے حل کے لیے باہمی تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ، سینیٹر جان محمد بلیدی، رکن قومی اسمبلی پولین بلوچ، رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ اور نیشنل پارٹی پنجاب کے صدر ایوب ملک بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور بلوچستان سے متعلق مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 16 JUL 2026 Page No. 2

# جامعہ الصنی کے بلوچستان کا روشن مستقبل تشکیل دے رہی ہے، گورنر

کافی تگ و دو کے بعد جامعہ ترقی اور استحکام کی راہ گامزن ہو چکی، رینکنگ اور اسکورنگ میں نمایاں بہتری آئی ہے، تاہم بہت کچھ کرنا باقی ہے

جامعہ انفارمیشن ٹیکنالوجی ایکسپرٹ، انجینئرز، ریسرچرز، منیجرز، اساتذہ، کاروباری اور پالیسی ساز خواتین پیدا کر رہی ہے، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبے میں پہلی ویمن یونیورسٹی کی شاندار ترقی درحقیقت ہماری نصف آبادی کی ہمت، عزم اور تبدیلی کی قابل فخر مثال ہے۔ ویمن یونیورسٹی زبردست پیش رفت کے پیش نظر یہ اعلیٰ تعلیمی ادارہ... بقیہ 6صفحہ نمبر 7 پر

انفارمیشن ٹیکنالوجی ایکسپرٹ، انجینئرز، ریسرچر، منیجر، اساتذہ، کاروباری اور پالیسی ساز پیدا کر رہی ہے۔ سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی محض خواتین کو تعلیم نہیں دیتی بلکہ یہ ایک تعلیم یافتہ اور ترقی یافتہ بلوچستان کے روشن مستقبل کو تشکیل دے رہی ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ اگرچہ وائس چانسلر ڈاکٹر روبینہ مشتاق اور انکی پوری کی شاندار کارکردگی کے نتیجے میں رینکنگ اور اسکورنگ میں نمایاں بہتری آئی ہے تاہم ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ کافی تگ و دو کے ویمن یونیورسٹی کو ترقی اور استحکام کی راہ گامزن ہو چکی ہے۔ تقریباً دو سال کے عرصے میں ہم نے جو بھی اقدام کیا یا جس گمبھیر بحران سے نکالا وہ ہماری اجتماعی دانش اور ٹیم ورک کی مسلسل جدوجہد اور فکری رہنمائی کا نتیجہ ہے۔ گورنر مندوخیل نے وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی ڈاکٹر روبینہ مشتاق کو ہدایت کی کہ معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ آپ پل پل بدلتی دنیا کے موجودہ تقاضوں کے مطابق ماڈرن اسکلز ڈیویلپمنٹ پر خصوصی توجہ دیں تاکہ ہماری خواتین بھی معاشرے کی اقتصادی اور سماجی ترقی و خوشحالی میں بامعنی شراکت کے قابل بن سکیں۔

JANG QUETTA

# ایس بی کے یونیورسٹی ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن ہو چکی، گورنر

معیاری تعلیم کے ساتھ جدید اسکلز ڈویلپمنٹ پر بھی خصوصی توجہ دی جائے، وی سی کو ہدایت

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کی ترقی صوبے کی خواتین کے عزم، ہمت اور تبدیلی کی روشن مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی خواتین کو صرف تعلیم ہی نہیں دے رہی بلکہ

انفارمیشن ٹیکنالوجی ماہرین، انجینئرز، محققین، اساتذہ، کاروباری افراد اور پالیسی ساز تیار کر کے بلوچستان کے روشن مستقبل کی تشکیل میں کردار ادا کر رہی ہے۔ گورنر بلوچستان نے یہ بات گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ویمن یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق سے ملاقات کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سال میں یونیورسٹی کو مختلف بحرانوں سے نکال کر ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن کیا گیا، جو ٹیم ورک اور اجتماعی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے وائس چانسلر کو ہدایت کی کہ معیاری تعلیم کے ساتھ جدید اسکلز ڈویلپمنٹ پر بھی خصوصی توجہ دی جائے تاکہ خواتین معاشی اور سماجی ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکیں۔

CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 40 روپے

جلد 55 | جمعرات یکم صفر المظفر 1448ھ 16 جولائی 2026ء | نمبر 192


ریاستی دفاعی کانفرنس کا آپریشن شعبان پر اظہار اطمینان

## ریاست دشمن عناصر کیلئے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں

وزیراعلیٰ بگٹی

کارروائیاں مزید موثر انداز میں جاری رکھنے کا عزم، دہشتگردی قومی مسئلہ، سیاسی اور عسکری قیادت عوام کے تعاون سے مشترکہ طور پر کام کررہی ہیں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ریاستی دفاعی کانفرنس (ہارڈنگ آف دی اسٹیٹ کانفرنس) کا 26 واں اجلاس بدھ کو یہاں کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبے کی مجموعی سیکورٹی صورتحال، دہشت گردی کے خلاف جاری اقدامات اور امن و استحکام کے لیے وفاقی و صوبائی اداروں کے باہمی تعاون کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ فورم نے بلوچستان میں پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کے مشترکہ آپریشن شعبان کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید موثر انداز میں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اجلاس کے شرکاء نے ہنہ اوڑک اور بگٹی ڈیم کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور بلوچستان کے امن و استحکام کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی ایک قومی مسئلہ ہے جس سے نمٹنے کے لیے ملک کی سیاسی اور عسکری قیادت عوام کے تعاون سے مشترکہ طور پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شرپسند عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور ریاست دشمن عناصر کے لیے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں گورننس کو مزید موثر بنانے کے لئے اصلاحاتی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ ریاستی اداروں کی کارکردگی میں بہتری آئے اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت سیکیورٹی فورسز کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے تحت نہ صرف امن وامان کے قیام بلکہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی، خصوصاً دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر بھی بھرپور توجہ دے رہی ہے، کیونکہ پائیدار امن اور ترقی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اجلاس میں وفاقی و صوبائی اداروں، قانون نافذ کرنے والے محکموں اور سیکیورٹی فورسز بشمول پاکستان آرمی، فرنٹیئر کور، پاکستان کوسٹ گارڈ، پولیس، ایف آئی اے، کسٹمز اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔

## وزیراعلیٰ کی ہدایت پر کلی ببری میں گرلز اسکول کے قیام کیلئے انتظامی کارروائی شروع

سیکریٹری اسکولز کو مراسلہ جاری، اسکول کے قیام سے مقامی بچیوں کو تعلیمی سہولت میسر آئے گی، شاہد رند

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے اعلان کے مطابق کلی ببری، ہنہ اوڑک میں گورنمنٹ گرلز اسکول کے قیام کے لیے باقاعدہ انتظامی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ بلوچستان نے سیکریٹری اسکول ایجوکیشن کو مراسلہ جاری کرتے ہوئے اعلان پر فوری عملدرآمد کے لیے سمری جلد از جلد وزیراعلیٰ کو منظوری اور احکامات کے لیے پیش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ شاہد رند نے کہا کہ اسکول کے قیام سے مقامی بچیوں کو تعلیمی سہولت میسر آئے گی اور حکومت صوبے کے دور دراز علاقوں میں تعلیم کے فروغ کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 55 | جمعرات 30 محرم الحرام 1448ھ 16 جولائی 2026ء صفحات 08 | شمارہ 04

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email: mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 40 روپے


# بلوچستان میں ریاست دشمنوں کیلئے کوئی جگہ نہیں، دہشتگردوں کیخلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی، وزیراعلیٰ

## دہشت گردی ایک قومی مسئلہ ہے جس سے نمٹنے کے لیے سیاسی اور عسکری قیادت عوام کے تعاون سے مشترکہ طور پر کام کر رہی ہے، شرپسند عناصر اوران کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا

## صوبے میں گورننس کو مزید مؤثر بنانے کے لئے اصلاحاتی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ ریاستی اداروں کی کارگردگی میں بہتری آئے اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے، میر سرفراز بگٹی

## وزیراعلیٰ کی زیر صدارت ریاستی وفاقی کانفرنس کا 26واں اجلاس، پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کے مشترکہ آپریشن شعبان پر اطمینان کا اظہار، ہنہ اوڑک اور منگی ڈیم کے شہداء کو خراج عقیدت پیش

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ریاستی وفاقی کانفرنس (ہارڈننگ آف دی اسٹیٹ کانفرنس) کا 26واں اجلاس بدھ کو یہاں کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبے کی مجموعی سکیورٹی صورتحال، دہشت گردی کے خلاف جاری اقدامات اور امن و استحکام کے لیے وفاقی و صوبائی اداروں کے باہمی تعاون کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ فورم نے بلوچستان میں پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کے مشترکہ آپریشن شعبان کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر انداز میں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اجلاس کے شرکاء نے ہنہ اوڑک اور منگی ڈیم کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور بلوچستان کے امن و استحکام کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی ایک قومی مسئلہ ہے جس سے نمٹنے کے لیے ملک کی سیاسی اور عسکری قیادت عوام کے تعاون سے مشترکہ طور پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شرپسند عناصر اوران کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور ریاست دشمن عناصر کے لیے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں گورننس کو مزید مؤثر بنانے کے لئے اصلاحاتی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ ریاستی اداروں کی کارگردگی میں بہتری آئے اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت سکیورٹی فورسز کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے تحت نہ صرف امن و امان کے قیام بلکہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی، خصوصاً دور افتادہ اور........

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر بھی بھرپور توجہ دے رہی ہے، کیونکہ پائیدار امن اور ترقی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اجلاس میں وفاقی و صوبائی اداروں، قانون نافذ کرنے والے محکموں اور سکیورٹی فورسز بشمول پاکستان آرمی، فرنٹیئر کور، پاکستان کوسٹ گارڈ، پولیس، ایف آئی اے، کسٹمز اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ بلوچستان میں امن، ریاستی رٹ کے استحکام اور عوام کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے رہیں گے۔

# ہنہ اوڑک کلی ببری میں گورنمنٹ گرلز اسکول کے قیام کا اعلان

## سرفراز بگٹی کے اعلان پر عملدرآمد کیلئے باقاعدہ انتظامی کارروائی کا آغاز

## حکام کو سمری جلد منظوری کیلئے پیش کرنے کی ہدایت کردی گئی

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کلی ببری ہنہ اوڑک میں شہداء کے اہل خانہ سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کے موقع پر علاقے کی طالبات کے لیے گورنمنٹ گرلز اسکول کے قیام کا اعلان کیا تھا، جس پر عملدرآمد کے لیے باقاعدہ انتظامی کارروائی کا آغاز کر دیا........

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

گیا ہے شاہد رند نے بتایا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ بلوچستان نے سیکریٹری اسکول ایجوکیشن کو مراسلہ جاری کرتے ہوئے اعلان پر فوری عملدرآمد کے لیے سمری جلد از جلد وزیراعلیٰ کو منظوری اور احکامات کے لیے پیش کرنے کی ہدایت کی ہے انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا یہ اعلان صرف ایک تعلیمی منصوبہ نہیں بلکہ شہداء کے خاندانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی اور علاقے کے عوام سے کیے گئے وعدے کی عملی تعبیر ہے۔ کلی ببری ہنہ اوڑک میں گرلز اسکول کے قیام سے مقامی بچیوں کو اپنے علاقے میں معیاری تعلیمی سہولت میسر آئے گی۔

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات 6

www.dailyintekhab.pk

intekhabnews@gmail.com.

Quetta Ph.081-2822909

جلد نمبر 32 | جمعرات 16 جولائی 2026ء بمطابق یکم صفر 1448ھ | شمارہ نمبر 192

# میر سرفراز بگٹی

# ...ر انکے سہولت کاروں کیلئے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں



آئی جی پولیس محمد طاہر تبادلہ ...

...اجلاس، صوبے کی مجموعی سیکورٹی صورتحال، امن واستحکام کے لئے وفاقی وصوبائی تعاون کا جائزہ، آپریشن شعبان پر اظہار خیال، کارروائیاں مزید موثر انداز میں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

...لوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، صوبے میں گورننس کو مزید موثر بنانے کیلئے اصلاحاتی اقدامات جاری، عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی یقینی بنائیں گے، خطاب

...یٹ کانفرنس) کا 26 واں اجلاس ... اجلاس میں صوبے کی مجموعی سیکورٹی صورتحال، دہشت گردی کے خلاف جاری اقدامات اور امن واستحکام کے لیے وفاقی وصوبائی اداروں کے باہمی تعاون کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ فورم نے بلوچستان میں پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کے مشترکہ آپریشن شعبان (SHABANOP) کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید موثر انداز میں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ بقیہ نمبر 83 صفحہ 5 پر

کیا۔ اجلاس کے شرکاء نے بلوچستان پولیس، ایف سی اور پاک فوج کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور بلوچستان کے امن و استحکام کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی ایک قومی مسئلہ ہے جس سے نمٹنے کے لیے ملک کی سیاسی اور عسکری قیادت عوام کے تعاون سے مشترکہ طور پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شرپسند عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور ریاست دشمن عناصر کے لیے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں۔ وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ صوبے میں گورننس کو مزید موثر بنانے کے لیے اصلاحاتی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ ریاستی اداروں کی کارکردگی میں بہتری آئے اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت سیکیورٹی فورسز کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے تحت نہ صرف امن و امان کے قیام بلکہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی، تعلیم، صحت اور انفراسٹرکچر، پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر بھی بھرپور توجہ دے رہی ہے کیونکہ پائیدار امن اور ترقی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ اجلاس میں وفاقی و صوبائی اداروں، قانون نافذ کرنے والے محکموں اور سیکیورٹی فورسز بشمول پاکستان آرمی، فرنٹیئر کور، پاکستان کوسٹ گارڈ، پولیس، ایف آئی اے، کسٹمز اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ بلوچستان میں امن، ریاستی رٹ کے استحکام اور عوام کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے رہیں گے۔

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

www.dailyintekhab.pk

Hub Ph: 0853-363533

Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

قیمت 40 روپے ★ صفحات 8

جلد نمبر 38 | بدھ 15 جولائی 2026ء بمطابق 29 محرم الحرام 1448ھ | شمارہ نمبر 191


# آئینی دائرے میں ہر قسم کے مذاکرات کیلئے دروازے کھلے ہیں: سرفراز بگٹی

ایک دوسرے کیلئے لازم و ملزوم، ملک کو کمزور کرنے اور اسے تقسیم کرنیکی مذموم سازشیں ہر صورت ناکام بنائی جائیں گی، ریاست مخالف عناصر کا مقصد عوام کی ترقی نہیں بندوق کے زور پر اپنا نظریہ مسلط کرنا ہے

ٹکڑوں میں تقسیم کرنے والوں کے مذموم عزائم کبھی کامیاب نہیں ہونگے، نوجوانوں کا اعتماد شفاف، غیر جانبدار اور میرٹ پر مبنی نظام سے ہی بحال کیا جا سکتا ہے، نیشنل ورکشاپ شرکاء سے خطاب


بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر

روزنامہ ایکسپریس سنچری کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 24 شمارہ 211 | جمعرات، یکم صفر المظفر، 16 جولائی 2026، صفحات 6 قیمت 40 روپے


دہشت گردی قومی مسئلہ

# بلوچستان میں ریاست مخالف عناصر کیلئے کوئی جگہ نہیں: وزیراعلیٰ

## ملک کی سیاسی اور عسکری قیادت دہشتگردی سے نمٹنے کیلئے عوام کے تعاون سے مشترکہ طور پر کام کررہی ہے، سرفراز بگٹی

**وزیراعلیٰ کی زیر صدارت ریاستی دفاعی کانفرنس کا 26واں اجلاس، دہشتگردی کیخلاف کارروائیاں مزید موثر انداز میں جاری رکھنے کا عزم**

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ریاستی دفاعی کانفرنس (اپلنگ آف دی اسٹیٹ کانفرنس) کا 26واں اجلاس کوئٹہ میں منعقد ہوا، اجلاس میں صوبے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال، دہشت گردی کے خلاف جاری اقدامات اور امن و امان (بقیہ صفحہ 5 نمبر 13)

کیلئے وفاقی و صوبائی اداروں کے باہمی تعاون کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس نے بلوچستان میں پاک فوج، ایف سی، بلوچستان پولیس کے مشترکہ آپریشن اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کو مزید موثر انداز میں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اجلاس کے شرکاء نے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا اور عزم کا اظہار کیا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور بلوچستان کے امن و استحکام کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی ایک قومی مسئلہ ہے جس سے نمٹنے کیلئے ملک کی سیاسی اور عسکری قیادت عوام کے تعاون سے مشترکہ طور پر کام کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شرپسند عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور ریاست دشمن عناصر کیلئے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں گورننس کو مزید موثر بنانے کیلئے اصلاحاتی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں تاکہ ریاستی اداروں کی کارکردگی میں بہتری آئے اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت وفاق کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے تحت دیرپا امن و امان کے قیام، بلوچستان کی تعمیر و ترقی، خصوصاً دور افتادہ و پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر بھی بھرپور توجہ دے رہی ہے کیونکہ پائیدار امن اور ترقی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ اجلاس میں وفاقی و صوبائی اداروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سیکیورٹی فورسز بشمول پاکستان آرمی، ایف سی، پاکستان کوسٹ گارڈ، پولیس، ایف آئی اے، لیویز اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ بلوچستان میں امن، ریاستی رٹ کے استحکام اور عوام کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے رہیں گے۔

CamScanner

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر 27 | جمعرات 16 جولائی 2026ء بمطابق یکم صفر المظفر 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 190

# دہشتگردی قومی مسئلہ ہے، نمٹنے کیلئے سیاسی اور عسکری قیادت عوام کے تعاون سے مل کر کام کر رہی ہے، سرفراز بگٹی

**پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کے مشترکہ آپریشن شعبان کی پیش رفت پر اطمینان ہے، دہشت گرد عناصر کیخلاف کارروائیوں کو مزید موثر انداز میں جاری رکھا جائیگا**

**شرپسند عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور ریاست دشمن عناصر کے لیے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں، گورننس کو مزید موثر بنانے کے لئے اصلاحاتی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں**

**صوبائی حکومت سیکورٹی فورسز کیساتھ مکمل ہم آہنگی کے تحت نہ صرف امن وامان کے قیام بلکہ بلوچستان کی تعمیر وترقی، خصوصاً دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر بھی بھرپور توجہ دے رہی ہے، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ریاستی وفاقی کانفرنس (بارڈنگ آف دی اسٹیٹ کانفرنس) کا 25واں اجلاس بدھ کو یہاں کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال، دہشت گردی کے خلاف جاری اقدامات اور امن و استحکام کے لیے وفاقی و صوبائی اداروں کے باہمی تعاون کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ فورم نے بلوچستان میں پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کے مشترکہ آپریشن شعبان کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے دہشت (بقیہ نمبر1 صفحہ نمبر2 پر)

گرد عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید موثر انداز میں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اجلاس کے شرکاء نے ہنہ اوڑک اور مستی ایم کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور بلوچستان کے امن و استحکام کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی ایک قومی مسئلہ ہے جس سے نمٹنے کے لیے ملک کی سیاسی اور عسکری قیادت عوام کے تعاون سے مشترکہ طور پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شرپسند عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور ریاست دشمن عناصر کے لیے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں گورننس کو مزید موثر بنانے کے لئے اصلاحاتی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ ریاستی اداروں کی کارکردگی میں بہتری آئے اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت سیکیورٹی فورسز کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے تحت نہ صرف امن وامان کے قیام بلکہ بلوچستان کی تعمیر وترقی، خصوصاً دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر بھی بھرپور توجہ دے رہی ہے، کیونکہ پائیدار امن اور ترقی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اجلاس میں وفاقی و صوبائی اداروں، قانون نافذ کرنے والے محکموں اور سیکیورٹی فورسز بشمول پاکستان آرمی، فرنٹیئر کور، پاکستان کوسٹ گارڈ، پولیس، ایف آئی اے، کسٹمز اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ بلوچستان میں امن، ریاستی رٹ کے استحکام اور عوام کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے رہیں گے۔

## وزیراعلیٰ کا کلی ببری، ہنہ اوڑک میں گورنمنٹ گرلز اسکول کے قیام کا اعلان

**سیکرٹری اسکول ایجوکیشن کو مراسلہ ارسال، فوری عملدرآمد کی ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کلی ببری، ہنہ اوڑک میں شہداء کے اہل خانہ سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کے موقع پر علاقے کی طالبات کے لیے گورنمنٹ گرلز اسکول (بقیہ نمبر21 صفحہ نمبر2 پر)

کا کہنا تھا کہ غیر فعال دفاعی اقدامات کی بدولت جانی نقصان کو محدود رکھا گیا، جبکہ حملوں کا مقصد زیادہ سے زیادہ جانی نقصان پہنچانا تھا۔ دوسری جانب ایرانی حکومت کی ترجمان فاطمہ مہاجرانی نے دعویٰ کیا کہ گزشتہ چند روز کے دوران جنوبی ایران پر امریکی حملوں میں 30 سے زائد شہری ہلاک ہو چکے ہیں۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ حکومت سوگوار خاندانوں سے اظہار تعزیت کرتی ہے اور جاں بحق افراد کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ فاطمہ مہاجرانی نے یہ بھی کہا کہ حکومت پوری قوت کے ساتھ عوام کے شانہ بشانہ کھڑی رہے گی، جنوبی ایران اس سرزمین کا دھڑکتا ہوا دل ہے۔

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی
اکرام اللہ خان

جلد 30 | جمعرات 16 جولائی 2026ء بمطابق یکم صفر 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 193

صوبائی حکومت، سیکیورٹی اداروں اور عوام کے تعاون سے بلوچستان میں امن و امان کے قیام کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رکھنے کا اعلان، خطاب

## ریاستی کابینہ کا نفرنس

## کا 26 واں اجلاس

# شرپسند عناصر اور انکے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائیگا، وزیر اعلیٰ

دہشت گردی ایک قومی مسئلہ ہے جس سے نمٹنے کے لیے ملک کی سیاسی اور عسکری قیادت عوام کے تعاون سے مشترکہ طور پر کام کر رہی ہے صوبائی حکومت سکیورٹی فورسز کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے تحت نہ صرف امن و امان کے قیام بلکہ تعمیر و ترقی پر بھی بھرپور توجہ دے رہی ہے

اجلاس میں وفاقی و صوبائی اداروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سکیورٹی فورسز بشمول پاکستان آرمی، فرنٹیئر کور، پاکستان کوسٹ گارڈ، پولیس، ایف آئی اے، کسٹمز اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی، دہشت گردی کے خلاف جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

[illegible]

امن و امان کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی، وزیر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی ایک قومی مسئلہ ہے جس سے نمٹنے کے لیے ملک کی سیاسی اور عسکری قیادت عوام کے تعاون سے مشترکہ طور پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شرپسند عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور ریاست دشمن عناصر کے لیے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کو مزید بہتر بنانے کے لیے اصلاحاتی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی میں بہتری آئے اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت سکیورٹی فورسز کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے تحت نہ صرف امن و امان کے قیام بلکہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی، خصوصاً دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر بھی بھرپور توجہ دے رہی ہے، کیونکہ پائیدار امن اور ترقی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ اجلاس میں وفاقی و صوبائی اداروں، قانون نافذ کرنے والے محکموں اور سکیورٹی فورسز بشمول پاکستان آرمی، فرنٹیئر کور، پاکستان کوسٹ گارڈ، پولیس، ایف آئی اے، کسٹمز اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ بلوچستان میں امن، استحکام اور ترقی کے استحکام اور عوام کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے رہیں گے۔

## حکومت کی تمام پالیسیوں اور اقدامات کا محور عام محنت کش شہری ہے

میر سرفراز بگٹی

قومی میڈیا کو گوادر کے کوسٹل ہائی وے، گوادر کی بندرگاہ اور میڈیا کو بریفنگ، فیلڈ میڈیا اور مزدوروں اور محنت کش کارکنوں کے مسائل کا احساس کرتے ہوئے

قومی دھارے میں شامل کرنے کے لیے پیپلز پارٹی کا وژن [illegible] قومی میڈیا کے ساتھ گفتگو

[illegible]

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل اور ترقی کی اکثریت محرومی اور اپنے فرائض انجام دینے والے محنت کش طبقہ پر توجہ دی ہے۔ حکومت نے بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح قرار دیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ [illegible] کے لیے مستقل پالیسی تیار کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس پر عملدرآمد جاری ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے اس امر پر افسوس کا اظہار کیا کہ قومی میڈیا میں بلوچستان کو زیادہ تر منفی انداز میں پیش کیا جاتا ہے، جبکہ صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، گورننس اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو وہ کوریج نہیں ملتی جس کے وہ مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل ورکشاپ بلوچستان کے بارے میں قومی میڈیا کے اہم صحافی شریک ہوئے ہیں، جہاں انہیں بلوچستان کے زمینی حقائق، عوامی مسائل اور حکومتی اقدامات سے براہ راست آگاہی [illegible]

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم

بیاد: جمیل الرحمٰن

بیاد: برکت علی

چیف ایڈیٹر: محمد نذیر خان

جلد 17 | جمعرات 16 جولائی 2026ء، یکم صفر المظفر 1448ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 309


# ریاست دشمن عناصر کیلئے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں، میر سرفراز بگٹی

[illegible]

[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 11

Daily Qudrat Quetta

روزنامہ قدرت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے

جلد 22 | جمعرات 16 جولائی 2026، 30 محرم الحرام 1447ھ | شمارہ 98

## دہشت گردی ایک قومی مسئلہ ہے، ملکر ختم کرینگے: سرفراز بگٹی

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ریاستی وفاقی کانفرنس (ہارڈنگ آف دی اسٹیٹ کانفرنس) کا 26واں اجلاس بدھ کو یہاں کوئٹہ میں منعقد ہوا

**صوبائی حکومت سیکیورٹی فورسز کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے تحت نہ صرف امن و امان کے قیام بلکہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی، خصوصاً دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر بھی بھرپور توجہ دے رہی ہے**

کوئٹہ (ن ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ریاستی وفاقی کانفرنس (ہارڈنگ آف دی اسٹیٹ کانفرنس) کا 26واں اجلاس بدھ کو یہاں کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال، دہشت گردی کے خلاف جاری اقدامات اور امن و استحکام بقیہ 6 صفحہ 6 پر کے لیے وفاقی و صوبائی اداروں کے باہمی تعاون کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ فورم نے بلوچستان میں پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کے مشترکہ آپریشن فتنہ الہندوستان کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر انداز میں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اجلاس کے شرکاء نے پنجگور اور مستونگ آپریشن کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور بلوچستان کے امن و استحکام کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی ایک قومی مسئلہ ہے، جس سے نمٹنے کے لیے ملک کی سیاسی اور عسکری قیادت عوام کے تعاون سے مشترکہ طور پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شرپسند عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور ریاست دشمن عناصر کے لیے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں گورننس کو مزید مؤثر بنانے کے لئے اصلاحاتی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ ریاستی اداروں کی کارکردگی میں بہتری آئے اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت سیکیورٹی فورسز کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے تحت نہ صرف امن و امان کے قیام بلکہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی، خصوصاً دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر بھی بھرپور توجہ دے رہی ہے کیونکہ پائیدار امن اور ترقی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ اجلاس میں وفاقی و صوبائی اداروں، قانون نافذ کرنے والے محکموں اور سیکیورٹی فورسز بشمول پاکستان آرمی، فرنٹیئر کور، پاکستان کوسٹ گارڈ، پولیس، ایف آئی اے، کسٹمز اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 12

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جلد 29 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 15 روپے | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ ایل-10 | شمارہ 141

1448ھ


# ریاست دشمن عناصر کیلئے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں، سرفراز بگٹی

شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، امن و استحکام کیلئے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی، شرپسند عناصر کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا

صوبے میں گورننس کو مزید موثر بنانے کے لئے اصلاحاتی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ ریاستی اداروں کی کارکردگی میں بہتری آئے، وزیراعلیٰ کا ریاستی و قانونی کانفرنس سے خطاب

[illegible]



[illegible]

وزیر اعلیٰ ریاست پر الیسنس کا اظہار کرتے ہوئے دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید موثر بنانے ... میں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اجلاس کے شرکاء ... نے بلوچستان اور ملک کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور بلوچستان کے امن و استحکام کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی ایک ناسور ہے جس سے نمٹنے کے لیے ملک کی سیاسی اور عسکری قیادت اور عوام کے تعاون سے مشترکہ طور پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شرپسند عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور ریاست دشمن عناصر کے لیے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں گورننس کو مزید موثر بنانے کے لئے اصلاحاتی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ ریاستی اداروں کی کارکردگی میں بہتری آئے اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت سیکیورٹی اداروں کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے تحت نہ صرف امن و امان کے قیام بلکہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی، خصوصاً دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر بھی بھرپور توجہ دے رہی ہے، کیونکہ پائیدار امن اور ترقی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ اجلاس میں وفاقی و صوبائی اداروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سیکیورٹی فورسز ... کمانڈر ... اور دیگر متعلقہ اداروں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ بلوچستان میں امن، صوبائی رٹ کے استحکام اور عوام کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے رہیں گے۔

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

جلد 81 | جمعرات 16 جولائی 2026ء | محرم الحرام 1448ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 193


## وزیر اعلیٰ بلوچستان

# دہشت پسند عناصر اور سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا

### شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی بلوچستان کے امن و استحکام کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی

### صوبے میں گورننس کو مزید موثر بنانے کے لئے اصلاحاتی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ ریاستی اداروں کی کارکردگی میں بہتری آئے

[illegible]

[illegible]

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1517 QUETTA Thursday July 16, 2026 / Safar 01, 1448

# CM reviews security situation in province; pays tribute to martyrs

## Announces establishment of Girls' School in Killi Babri, Hanna Urak

**Staff Report**

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti presided over the 26th meeting of State Defense Conference (Hardening of the State Conference) in Quetta on Wednesday and reviewed the overall security situation of the province, ongoing measures against terrorism and mutual cooperation between federal and provincial institutions for peace and stability.

The forum expressed satisfaction over the progress of the joint Operation Shaban (OP SHABAN) of the Pakistan Army, FC Balochistan and Police in Balochistan and reiterated its resolve to continue operations against terrorist elements more effectively.

The participants of the meeting paid tribute to the martyrs of Hanna Aurak and Mangi Dam and expressed their determination that the sacrifices of the martyrs would not go in vain and that the anti-terrorism operations could continue with full force for the peace and stability of Balochistan.

While addressing the meeting, Chief Minister Balochistan, Mir Sarfraz Ahmed Khan Bugti said that terrorism was a national problem, to which the political and military leadership of the country was working jointly with the support of the people.

He said that the miscreants and their facilitators would be brought to their logical conclusion and there is no place for anti-state elements in Balochistan.

The Chief Minister said that reform measures were being taken to make governance more effective in the province so that the functioning of state institutions improved and better services were provided to the people. Moreover, Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has announced the establishment of a Government Girls' School in Killi Babri, Hanna Urak, during his visit to the area where he offered condolences and prayers with families of martyrs.

Assistant to the Chief Minister on Information and Political Affairs Shahid Rind confirmed that administrative procedures have already begun to implement the CM's directive. On his instructions, the Principal Secretary to the CM has issued a formal letter to the Secretary School Education directing immediate preparation of a summary for approval.

Shahid Rind emphasized that the announcement is not merely an educational project but a gesture of solidarity with the families of martyrs and a fulfillment of the government's promise to the local community. He noted that the new school will provide quality education facilities to girls in the area, reduce hardships for parents, and promote female education. Chief Minister Mir Sarfraz Bugti also approved naming the road in front of Government Postgraduate Girls College, Quetta Cantonment, as "Shaheed Professor Nazma Talib Road" to honor her remarkable contributions to education and her ultimate sacrifice for the nation.

Assistant to the Chief Minister on Information and Political Affairs, Shahid Rind said that, on the CM's directives, the Principal Secretary has issued instructions to the Local Government Department to complete the necessary legal and administrative procedures.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 16 JUL 2026 Page No. 15


## طالبان بلوچ دہشت گردوں کی مدد اور انڈیا فنڈنگ کر رہا ہے، ضیا لانگو

حکومت بامقصد مذاکرات اور بیانیہ کے ساتھ دہشت گردوں کو ختم کر کے امن قائم کیا جائے گی، لانگو

[illegible]


MASHRIQ QUETTA


## سانحہ زیارت، مذاکرات میں تعطل کی وجہ سیاسی مداخلت ہے، نور محمد دمڑ

متاثرہ خاندان کے پاس کوئی اختیار نہیں، لواحقین دھرنا کمیٹی میں بھی شامل نہیں، احمال بنا کر سیاسی مقاصد حاصل کیے جا رہے ہیں

متاثرین اپنے پیاروں کی تدفین کریں، ہر مطالبہ تسلیم کیا جائیگا، لواحقین کیساتھ خود جا کر حکومت سے مطالبات منظور کرواؤں گا، پریس کانفرنس

کوئٹہ (پی پی آئی) صوبائی وزیر نوابزادہ حاجی نور محمد دمڑ نے زیارت کے علاقے میں پولیس جوانوں کو شہید کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ زیارت کے شہداء کے لواحقین کے ساتھ مذاکرات تعطل کا شکار ہونے کی وجہ سیاسی مداخلت اور دھرنا کمیٹی ہے المیہ یہ ہے کہ متاثرہ خاندان کے پاس کوئی اختیار نہیں ......

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

جبکہ ان کے نام پر سیاسی جماعتیں سیاست کر رہی ہیں۔ ورثاء شہداء کو دو دن کی جائز تمام مطالبات منظور کئے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پولیس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر جرگہ کے شرکاء اور معتبرین جن میں حاجی محمد خان دمڑ، ملک لاجور دمڑ، سابق چیئرمین حاجی جان دمڑ، ڈسٹرکٹ چیئرمین حاجی کاکڑ، ملک ناظر شاہ، ملک اسرار ترین، ملک محمد نوث پانیزئی، ملک ایاز دمڑ، ملک نواز دمڑ، وائس چیئرمین صاحب اللہ پانیزئی، میر دار شفیق ترین، ملک گل رکھوب کاکڑ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ زیارت میں دہشت گردوں کی جانب سے پولیس کے بہادر جوانوں کو شہید کرنے کی مذمت کرتے ہیں اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔ پولیس کے جوان اور آفیسران ہمارے بازو اور رشتہ دار عزیز تھے۔ ڈاکو پولیس جوانوں کو ہم نے سابقہ دور حکومت میں لیویز میں بھرتی کیا گیا تھا۔

## خضدار میں امیر حمزہ زہری کی مختلف شخصیات سے تعزیت

صوبائی مشیر نے شہید عبدالافتخار جام کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کیا

فیض محمد زہری کی اہلیہ کے انتقال پر فاتحہ خوانی، اہل علاقہ سے ملاقات

خضدار (این این آئی) صوبائی مشیر برائے بلدیات و دیہی ترقی بلوچستان نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے خضدار میں مختلف شخصیات سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ ضلع خضدار میں پاکستان پیپلز پارٹی مولہ کے بزرگ رہنما میر داد کریم جام سے ان کے فرزند شہید عبدالافتخار جام کی المناک شہادت پر دلی ہمدردی، تعزیت اور گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے لواحقین سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس ......

بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

اندوہناک سانحے پر برابر کے شریک غم ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید عبدالافتخار جام کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کے درجات بلند کرے اور سوگوار خاندان کو یہ ناقابل تلافی صدمہ صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے خضدار کے علاقے سنی میں پیپلز پارٹی تحصیل مولہ فردان کے سینئر رکن حاجی فیض محمد زہری سے ان کی اہلیہ محترمہ کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی، سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحومہ کے بلند درجات کے لیے دعائے مغفرت کی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری، خان محمد زہری، میر قاسم خان جام اور دیگر پارٹی اراکین بھی موجود تھے۔

## بلوچستان میں سینڈک منصوبے کی سیکیورٹی مزید سخت کرنے کے احکامات

صوبائی حکام اور تمام متعلقہ سیکیورٹی ادارے کمپنی کی تمام تنصیبات، عملے، لاجسٹکس اور نقل و حمل کو تحفظ دیں، طلال چوہدری

پاکستان میں بین الاقوامی کمپنیوں کے زیر انتظام منصوبوں کا تحفظ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، وزیر مملکت داخلہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) بین الاقوامی کمپنیوں کے زیر انتظام منصوبوں کا تحفظ حکومت کی ترجیح، سینڈک منصوبے سے متعلق لاجسٹکس اور ورکرز کی نقل و حرکت کو بھی اضافی سیکیورٹی دی جائیگی، وزیر مملکت داخلہ ......

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت نے بلوچستان میں سینڈک سے تانبہ اور سونے کی کان کنی کرنے والی چینی کمپنی کو منصوبے کے لیے اضافی سیکیورٹی فراہم کرنے کی یقین دہانی کرا دی ہے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز سے گفتگو کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ وزارت داخلہ کو جولائی کے اوائل میں سینڈک میٹلز لمیٹڈ کی جانب سے تحفظات موصول ہوئے تھے، جس کے بعد صوبائی حکام اور متعلقہ سیکیورٹی اداروں کو کمپنی کی تنصیبات، عملے، لاجسٹکس اور نقل و حمل کے راستوں کی سیکیورٹی مزید سخت کرنے کی ہدایت جاری کی گئیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No 1

Dated: 16 JUL 2026 Page No. 16

## حلقے میں ترقی کے نئے دور کا آغاز کر دیا، لیاقت لہڑی

## عوامی خدمت کا سفر جذبے کے ساتھ جاری رہے گا، سردار کوہیار ڈومکی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 16 JUL 2026 Page No. 17


## بلوچستان پولیس کے دو افسران کیلئے الوداعی تقریب

**آئی جی بلوچستان نے خدمات کو سراہا، یادگاری شیلڈز پیش کیں**

**ڈاکٹر سمیع ملک اور فریال فرید خیبر پختونخواہ میں تعینات**

کوئٹہ (آن لائن) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر نے سینٹرل پولیس آفس میں ڈاکٹر سمیع ملک اور فریال فرید کی صوبہ خیبر پختونخوا تعیناتی پر الوداعی تقریب کا انعقاد کیا، جس میں دونوں افسران کو پولیس یادگاری شیلڈز پیش کی گئیں اور بلوچستان پولیس کے لیے ان کی گراں قدر خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس موقع پر آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے دونوں افسران کی پیشہ ورانہ خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر محمد سمیع ملک اور فریال فرید نے رخشاں، کوئٹہ اور سینٹرل پولیس آفس میں مختلف حیثیتوں سے اپنی ذمہ داریاں دیانتداری...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

محنت اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ انجام دیں، جو بلوچستان پولیس اور شہریوں کے لیے باعث فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں افسران کی خدمات ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھی جائیں گی۔ آئی جی پولیس نے ڈاکٹر محمد سمیع ملک اور فریال فرید کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ نئی ذمہ داریوں میں بھی اسی جذبے اور لگن کے ساتھ فرائض انجام دے کر ادارے کا نام روشن کریں گے۔ تقریب میں ایڈیشنل آئی جی و کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد، ایڈیشنل آئی جی آپریشنز شہزاد اکبر، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز حسن اسد علوی، ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت سمیت پولیس کے دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے، جنہوں نے دونوں افسران کی خدمات کو سراہا اور ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

## بلوچستان میں اسلحہ لائسنس کی پروسیسنگ بند کرنے کے احکامات

**محکمہ داخلہ نے کمشنرز، ڈی سیز اور متعلقہ نادرا حکام کو مراسلے ارسال کر دیے**

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان کے محکمہ داخلہ (آرمز سیکشن) نے صوبے بھر میں نادرا رجسٹریشن سینٹرز اور تمام نادرا کاؤنٹرز کے ذریعے NPB اسلحہ لائسنسوں کی پروسیسنگ فوری طور پر بند کرنے کے احکامات جاری کر دیے ہیں محکمہ داخلہ کی جانب...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

سے 15 جولائی 2026 کو جاری کردہ باضابطہ مراسلے کے مطابق مجاز اتھارٹی کی ہدایت پر یہ فیصلہ اس وقت تک نافذ رہے گا جب تک صوبے بھر میں اسلحہ لائسنسوں کی ڈیجیٹائزیشن مکمل نہیں ہو جاتی اور تمام ڈپٹی کمشنرز کے دفاتر میں نادرا کے متعلقہ ماڈیولز نصب نہیں کیے جاتے۔ مراسلے میں واضح کیا گیا ہے کہ بلوچستان کے تمام نادرا رجسٹریشن سینٹرز (NRCs) سمیت صوبے سے باہر موجود نادرا کاؤنٹرز کو بھی بلوچستان کے NPB اسلحہ لائسنسوں کی کسی بھی نئی درخواست یا پروسیسنگ سے فوری طور پر روک دیا گیا ہے


INTEKHAB QUETTA


## کیچ: بی ایس ڈی آئی پروگرام فیز 3 کے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ اجلاس

**ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے صدارت کی، فیز 3 کی مجوزہ اسکیموں کا تفصیلی جائزہ اور تکنیکی امور پر غور کیا گیا**

تربت (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ [illegible] کی زیر صدارت بی ایس ڈی آئی پروگرام فیز 3 کے ترقیاتی منصوبوں سے متعلق جائزہ اجلاس ہوا۔ اجلاس میں محکمہ پی اینڈ ڈی، [illegible]، ڈسٹرکٹ کونسل، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، ایجوکیشن...... بقیہ نمبر 73 صفحہ 7 پر

[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 16 JUL 2026 Page No. 12

MASHRIQ QUETTA


## انتظامیہ اور ڈاکٹروں کے مذاکرات کامیاب، ہسپتالوں میں او پی ڈیز بحال

**غیر معمولی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے احتجاج ... [illegible]**

سرکاری ہسپتالوں میں معمول کے مطابق ... [illegible]

[illegible]

## بلوچستان نرسنگ طلبہ کا مسئلہ حل، ڈگریوں کے اجراء کا فیصلہ

**47 طلبہ کو نرسنگ کونسل رجسٹریشن کیلئے خصوصی اجازت دی جائے گی**

**150 طلبہ کو ایچ ای سی سے منظور شدہ اے ڈی پی ڈگریاں ملیں گی**

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) سینیٹر جان محمد بلیدی، پارلیمانی لیڈر نیشنل پارٹی، نے وفاقی وزیر برائے قومی صحت، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن سید مصطفیٰ کمال سے ملاقات کے دوران بلوچستان ہیومن کیپٹل انویسٹمنٹ پراجیکٹ (BHCIP) کے تحت زیر تعلیم 150 نرسنگ طلبہ کے دیرینہ مسئلے سے آگاہ کیا۔ سینیٹر جان محمد بلیدی نے وفاقی وزیر کو بتایا کہ حکومت بلوچستان نے عالمی بینک کے تعاون سے صوبے کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے طلبہ کو نرسنگ ......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

اور الائیڈ ہیلتھ سائنسز کی تعلیم فراہم کرنے کے لیے یہ پروگرام شروع کیا تھا، جس کے تحت 150 طلبہ کو ہیلتھ سروسز اکیڈمی اسلام آباد میں ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام (ADP) ان نرسنگ میں داخلہ دیا گیا۔ تاہم بعد ازاں ہیلتھ سروسز اکیڈمی نے یکطرفہ طور پر ڈگری پروگرام کو ٹریننگ پروگرام میں تبدیل کر دیا، جس کے باعث 47 طلبہ پاکستان نرسنگ کونسل میں رجسٹریشن سے محروم ہو گئے جبکہ تمام 150 طلبہ کی ڈگری اور پیشہ ورانہ مستقبل غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہو گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا، جس میں سینیٹر جان محمد بلیدی، ایڈیشنل سیکرٹری وزارت صحت، وائس چانسلر ہیلتھ سروسز اکیڈمی، سیکرٹری پاکستان نرسنگ کونسل، ڈائریکٹر جنرل (ایکریڈیٹیشن) ہائر ایجوکیشن کمیشن اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں تفصیلی غور و خوض کے بعد وفاقی وزیر صحت نے متعلقہ اداروں کو طلبہ کے مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے مسئلے کا فوری اور مستقل حل نکالنے کی ہدایت کی۔

## گرلز کالج روڈ شہید پروفیسر ناظمہ طالب کے نام سے منسوب

**تعلیم کے شعبے میں گرانقدر خدمات پر وزیراعلیٰ نے منظوری دی، شاہد رند**

**عوامی مقامات کو قومی ہیروز، شہداء اور ممتاز شخصیات کے نام سے منسوب کیا جائیگا**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تعلیم کے شعبے میں گراں قدر خدمات اور وطن کے لیے عظیم قربانی دینے والی شہید پروفیسر ناظمہ طالب کی یاد کو ہمیشہ کے لیے زندہ رکھنے کے لیے ایک اہم فیصلہ کیا ہے معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات ......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

و سیاسی امور شاہد رند نے بتایا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ گرلز کالج، کوئٹہ کینٹ کے سامنے واقع سڑک کو "شہید پروفیسر ناظمہ طالب روڈ" کا نام دینے کی منظوری دے دی گئی ہے۔

## بلوچستان میں فوڈ سروسز پر سیلز ٹیکس ڈگنا کر دیا گیا

**فنانس ایکٹ 2026 کے تحت سیلز ٹیکس 2 فیصد سے 4 فیصد کر دیا گیا**

**قانونی تقاضوں پر عملدرآمد کیلئے BRA کی کاروباری اداروں کو ہدایات**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن، وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی کی رہنمائی اور چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان کی ہدایات پر بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) نے ریسٹورنٹس، ہوٹلز، کیفے، کافی ہاؤسز، فوڈ چینز، آئس کریم شاپس اور دیگر فوڈ سروس فراہم کنندگان کے لیے بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ 2015 کے تحت نظرثانی شدہ 4 فیصد سیلز ٹیکس کی شرح کے نفاذ کیلئے آگاہی اور مانیٹرنگ مہم ......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

مزید تیز کر دی ہے۔ اس سلسلے میں بی آر اے کی ٹیم نے کابل جی ریسٹورنٹ، ایمپائر فوڈ کارنر، نیو ڈیویز پیزا، سویٹ ہاؤس، کیفے زحرب بی بی ری سمیت متعدد ریسٹورنٹس اور فوڈ آؤٹ لیٹس کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران کاروباری اداروں کو آگاہ کیا گیا کہ فنانس ایکٹ 2026 کے تحت ان خدمات پر بلوچستان سیلز ٹیکس کی شرح 2 فیصد سے بڑھا کر 4 فیصد کر دی گئی ہے۔ انہیں نظرثانی شدہ شرح کے مطابق ٹیکس وصولی، بروقت ریٹرن فائلنگ، واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی، بی آر اے کے ساتھ رجسٹریشن اور پوائنٹ آف سیل (POS) کے مؤثر استعمال سمیت تمام قانونی تقاضوں پر عملدرآمد کی ہدایت کی گئی۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے واضح کیا کہ ٹیکس قوانین کی مکمل تعمیل تمام سروس فراہم کنندگان کی قانونی ذمہ داری ہے، جبکہ عدم تعمیل کی صورت میں بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ 2015 کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اتھارٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شفاف ٹیکس نظام، کاروبار دوست ماحول اور محصولات میں اضافے کے لیے صوبہ بھر میں آگاہی اور انفورسمنٹ مہمات باقاعدگی سے جاری رہیں گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 | Dated: 16 JUL 2026 | Page No. 19

## نیشنل پارٹی کا حاجی نور احمد لہڑی کی بحفاظت بازیابی کا مطالبہ

اغواء کے واقعات تشویشناک ہیں، حکومت شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے

JANG QUETTA

## حکومت لواحقین کے جائز مطالبات ماننے کیلئے تیار نہیں، مولانا لونی

**صوبائی وزیر کی پریس کانفرنس شہداء کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے، بیان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی نے کہا ہے کہ حکومت زیارت دھرنا کے لواحقین کے جائز مطالبات تسلیم کرنے کی بجائے جھوٹ کا سہارا لے رہی ہے ...

## حکومت اور سیاسی جماعتوں کے مذاکرات میں ڈیڈلاک، دھرنا جاری

**کئی گھنٹے مذاکرات میں فریقین کسی معاہدے پر متفق نہ ہو سکے، رابطے جاری رکھنے پر اتفاق**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) زیارت ماچی میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے لواحقین، سیاسی جماعتوں اور حکومت کے درمیان مذاکرات میں ڈیڈلاک، فریقین کسی ایک معاہدے پر متفق نہ ہو سکے، لاشوں کے ہمراہ دھرنا ساتویں روز بھی جاری رہا۔ تفصیلات کے مطابق زیارت کے علاقے ماچی میں شہید ہونے والے سات پولیس اہلکاروں کے لواحقین کا لاشوں کے ہمراہ ... پر دھرنا جمعہ کو ساتویں روز بھی جاری رہا ...

# کوئٹہ، دہشتگردوں نے 4 مغوی اہلکاروں کو شہید کر دیا، آپریشن شعبان میں 3 خارجی ہلاک

## مغویوں میں سے دو کی شناخت اے ایس ایف انسپکٹر زبیر احمد اور سابق کارپورل سی ٹی ڈی خلیل احمد کے ناموں سے ہوئی، حکام

## لاشیں آپریشن کے دوران فورسز کو ملیں، مجموعی طور پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں 126 خارجی مارے جا چکے ہیں، سیکورٹی فورسز

کوئٹہ (این این آئی، سٹی رپورٹر، وی این اے) کوئٹہ کے نواحی علاقے شعبان کی پہاڑیوں سے چار افراد کی لاشیں برآمد، جنہیں گولیاں مار کر قتل کیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق کوئٹہ کے نواحی پہاڑی علاقے شعبان میں فورسز کو دوران آپریشن چار لاشیں ملی ہیں ان چار لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا لاشوں کی شناخت ہوئی ہے جن میں اے ایس ایف انسپکٹر زبیر احمد اور سابق کارپورل سی ٹی ڈی خلیل احمد، پاک ...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

فوج کے ریٹائرڈ حوالدار صادق اور سابق ایم وی ڈی کے دوران مبینہ طور پر اغوا ہونے والے پولیس کانسٹیبل لعل بی شامل ہیں، برآمد ہونے والی چار افراد کی لاشیں کمبائنڈ ملٹری ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے پولیس حکام کے مطابق اے ایس ایف انسپکٹر زبیر اور خلیل احمد کو 28 جون کو جناح ٹاؤن سے لاپتہ ہوئے تھے جبکہ دو دیگر لاشوں کی شناخت کی جا رہی ہے سیکورٹی فورسز نے اس علاقے میں آپریشن شروع کر رکھا ہے اور ان کا دعویٰ ہے کہ اس آپریشن میں اب تک 100 سے زیادہ شدت پسند مارے جا چکے ہیں۔ اس آپریشن میں ڈرونز، ہیلی کاپٹر اور دیگر جدید ہتھیاروں کا استعمال بھی کیا جا رہا ہے۔ دریں اثناء سیکورٹی فورسز کی فتنہ الخوارج کیخلاف شعبان کے علاقے میں جاری آپریشن کے دوران مزید 3 خارجیوں کو ہلاک کر دیا شعبان آپریشن میں ہلاکتوں کی تعداد 88 ہوگئی جبکہ 5 جولائی سے اب تک مجموعی طور پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 126 خارجی مارے جا چکے ہیں سیکورٹی ذرائع کے مطابق کوئٹہ کے نواحی علاقے شعبان میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے خارجیوں کو ہوائی اور زمینی کارروائیوں کے ذریعے نشانہ بنایا جا رہا ہے سیکیورٹی فورسز کی موثر کارروائیوں کے نتیجے میں خارجی دہشتگردوں کو بھاری نقصان کا سامنا ہے سیکیورٹی فورسز کی موثر کارروائیوں کے دوران مزید 3 دہشتگردوں کو مارا گیا ہے اور آپریشن شعبان کے دوران اب تک مارے جانے والے دہشتگردوں کی مجموعی تعداد 88 ہوگئی ہے، پانچ جولائی سے اب تک آپریشن شعبان اور دیگر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں مجموعی طور 126 خارجی ہلاک کر دیے گئے ہیں۔ سیکورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ آخری دہشتگرد کے خاتمے تک بلوچستان میں آپریشن شعبان جاری رہے گا۔

# چاغی میں نامعلوم شخص کی لاش برآمد

## زیارت بلانوش روڈ کے خالی کمرے سے لاش ملی

## متوفی کی شناخت نہ ہو سکی، واقعے کی تحقیقات جاری

چاغی (آن لائن) چاغی کے علاقے زیارت بلانوش روڈ سے ایک نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے، جس کی تاحال شناخت نہیں ہو سکی۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق لاش ایک خالی کمرے سے ملی، جہاں متوفی گلے میں پھندا ڈالے لٹکا ہوا تھا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر متعلقہ حکام نے لاش کو تحویل میں لے کر ضروری قانونی کارروائی کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ متوفی کی شناخت نہیں ہو سکی، جبکہ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔ ...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس واقعے کی نوعیت اور دیگر پہلوؤں کا جائزہ لے رہی ہے۔

# کوئٹہ: راہزنی مزاحمت پر نوجوان جاں بحق

## سریاب میں ملزمان موبائل اور موٹر سائیکل چھین رہے تھے

کوئٹہ (آن لائن) سریاب کے علاقے مری اسٹریٹ کے قریب نامعلوم راہزنوں نے موبائل فون اور موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا اور فرار ہوگئے۔ نعش ضروری کارروائی کے لیے ہسپتال منتقل کر دی گئی۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز حبیب احمد سکنہ احمد زئی کالونی سریاب نے تھانے میں رپورٹ درج کرائی کہ گزشتہ شب اس کا کزن حسام الدین اپنی موٹر سائیکل پر آ رہا تھا کہ مری اسٹریٹ کے قریب نامعلوم راہزنوں نے اسلحے کے زور پر اس سے موبائل فون چھیننے کی کوشش کی، مزاحمت پر ملزمان نے ...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

فائرنگ کر کے اسے زخمی کر دیا۔ زخمی کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا۔ ملزمان موٹر سائیکل اور موبائل فون چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 16 JUL 2026 Page No. 21

## خضدار میں مرغی کے گوشت کی قیمت کے من مانے ریٹ

**فی کلو مرغی 650 روپے میں فروخت کی جاری ہے، شہری حیران**

**خود ساختہ ریٹ مقرر کرنیوالے مرغی ڈیلر کیخلاف کارروائی کی جائے**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار مرغی کی قیمتوں کو پر لگ گئے شہر میں ایک مرتبہ پھر مرغی ڈیلر مافیا نے قیمتیں اپنے کنٹرول میں لے لیں ضلعی انتظامیہ کے جاری کردہ سرکاری نرخنامے کو مکمل طور پر نظر انداز مرغی کی قیمتوں میں یکمشت سو روپے کا اضافہ تفصیلات کیمطابق خضدار اور گردونواح کے تحصیلوں میں فی کلو مرغی 650 روپے میں فروخت کی جاری ہے جبکہ سرکاری نرخنامہ سو روپے کم ہے مہنگائی کے اس دور میں مرغی غریب عوام کی پہنچ سے باہر ہوتی جاری ہیا یک ہفتے کے اندر دوسری بار قیمتوں میں اضافے سے گھریلو بجٹ بری طرح متاثر ہورہا ہے خضدار کیعوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی اور اسسٹنٹ کمشنر حفیظ اللہ کاکڑ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی ڈیوٹیاں لگائی جائیں اور انہیں متحرک کرکیخلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائےتا کہ ڈیلر مافیا کی من مانی قیمتوں کو کم کرکے عوام کو سستی ریلیف فراہم کیا جائے۔

## کوئٹہ میں پینے کے پانی مسئلہ سنگین ہوگیا، ٹینکر مافیا کا راج

**قلت کے باعث واٹر ٹینکر کی قیمت 3 سے 8ہزار روپے تک وصول**

**پانی جیسی بنیادی ضرورت اب پہنچ سے دور ہوتی جا رہی ہے، کوئٹہ کے شہری**

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پانی کے شدید بحران کے باعث شہری ٹینکر مافیا کے رحم وکرم پر آگئے ہیں، جبکہ ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی خاموشی پر عوام نے شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں پانی کی قلت کے باعث ایک واٹر ٹینکر کی قیمت 3 سے 8ہزار روپے تک وصول کی جا رہی ہے، جس سے شہریوں، خصوصاً متوسط اور غریب طبقے، کو شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پانی جیسی بنیادی ضرورت بھی اب ان کی پہنچ سے دور ہوتی جا رہی ہے۔ شہریوں کے مطابق متعلقہ حکام کی جانب سے قیمتوں پر قابو پانے اور پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے کوئی مؤثر اقدامات نظر نہیں آ رہے، جس کے باعث ٹینکر مافیا من مانے نرخ وصول کر رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے اس صورتحال پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ ایک جانب حکومت بلوچستان ترقی، بہتر شہری سہولیات اور عوامی خدمت کے دعوے کر رہی ہے، جبکہ دوسری جانب صوبائی دارالحکومت کے شہری پینے کے پانی جیسی بنیادی سہولت سے بھی محروم ہیں۔ شہریوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ پانی کے بحران پر فوری قابو پایا جائے، ٹینکر مافیا کے خلاف کارروائی کی جائے اور سرکاری سطح پر پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔

INTEKHAB QUETTA

## پنجگور، مشرقی خدا بادان سراوان کے روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار

**راہگیروں کو مشکلات، پیدل سفر مشکل ہوگیا، متعلقہ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

پنجگور (نمائندہ انتخاب) پنجگور کے علاقے مشرقی خدابادان سراوان کے لوگ سڑکوں سے محروم ہیں سراوان کے روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں مشرقی خدابادان میں ایک بھی قابل سفر روڈ موجود نہیں کئی سال قبل جو روڈ بنائے گئے تھے اب وہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو گئے ہیں اور ناقابل استعمال بن گئے ہیں بلی سکول سراوان سے لیکر بنک سیدہاشم کلب اور گرلز ہائی سکول تک کوئی ایک بھی قابل سفر روڈ موجود نہیں پنجگور کے علاقے مشرقی خدابادان سراوان سے جو مین روڈ گزر رہا ہے اور دوسری جانب پچاس بیڈڈ اسپتال روڈ سے سراوان کو کوئی لنک روڈ نہیں دیا گیا ہے اہلیان سراوان مشرقی خدابادان نے متعلقہ حکام اور عوامی نمائندوں سے اپیل کی ہے کہ سراوان مشرقی خدابادان کے تمام مین روڈ کو پختہ کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کو آمدورفت میں آسانی ہو جو لوگ اقتدار میں ہیں ان کو چاہیے کہ سراوان کے سڑکوں پر بھی توجہ دیں۔

## تفتان پاسپورٹ گیٹ کی بندش عوام کو مشکلات کا سامنا

**گیٹ کو عام شہریوں کے لیے بھی فوری طور پر کھولا جائے تاکہ لوگ آسانی کے ساتھ آمدورفت کرسکیں اور طویل عرصے سے جاری مشکلات کا خاتمہ ہو، مطالبہ**

چاغی (این این آئی) پاک ایران تفتان پاسپورٹ گیٹ کی طویل بندش کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ایران اور اسرائیل کے درمیان جنگی صورتحال کے پیش نظر پاکستان کی جانب سے عام شہریوں کے لیے تفتان پاسپورٹ گیٹ بند کیا گیا تھا، اور اس بندش کو اب ڈیڑھ ماہ سے زائد عرصہ گزر چکا ہے۔ گزشتہ ماہ حکومتِ پاکستان نے تفتان پاسپورٹ گیٹ صرف تاجروں کے لیے کھول دیا، تاہم عام شہریوں کے لیے یہ تاحال بند ہے۔ پاک۔ایران سرحدی علاقوں میں دونوں ممالک کے شہریوں کے درمیان قریبی رشتہ داریاں موجود ہیں، جس کے باعث لوگوں کو غمی اور خوشی کے مواقع پر ایک دوسرے کے ہاں آنا جانا پڑتا ہے۔ لیکن پاسپورٹ گیٹ کی بندش کے باعث عام پاکستانی شہری سفر کرنے سے محروم ہیں اور انہیں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ متاثرہ شہریوں نے حکومتِ پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ تفتان پاسپورٹ گیٹ عام شہریوں کے لیے بھی فوری طور پر کھولا جائے تاکہ لوگ آسانی کے ساتھ آمدورفت کرسکیں اور طویل عرصے سے جاری مشکلات کا خاتمہ ہو۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

b

Daily: MEEZAN QUETTA 16 JUL 2026

Bullet No

Page No 22

## ملک میں گندم کی کوئی کمی نہیں!

پاکستان گندم کی پیداوار میں خود کفیل ملک ہے لیکن بدقسمتی سے اس کے باوجود آئے روز یہاں گندم کی قلت کی وجہ سے آٹے کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔اس کی مختلف وجوہات بتائی جاتی ہیں کبھی فلورملز کو گندم نہیں ملتی،کبھی اس کی نقل وحمل پر پابندی لگادی جاتی ہے اس سے وہ صوبہ جس میں گندم کی پیداوار بہت کم ہوتی ہے زیادہ متاثر ہوتا ہے ان میں بلوچستان شامل ہے۔متعلقہ ادارے اس کا مستقل حل نکالنے میں ناکام رہے ہیں ان کو اس بات کا اندازہ ہی نہیں ہوتا کہ ملک میں گندم کی کتنی ضرورت ہے یہاں ہوتا یہ ہے کہ ہمارے ہاں یہ تاجر جو مافیاز ہیں گندم کو سستے داموں درآمد کرتے ہیں جب ملک میں اس کی قلت ہوتی ہے تو پھر وہ مہنگے داموں برآمد کرتے ہیں جس سے آٹے کی قیمتیں بہت زیادہ ہوجاتی ہیں۔اس کے باعث ایک غریب آدمی زیادہ متاثر ہوتا ہے کیونکہ آٹا ہر بندے کی ضرورت ہوتی ہے۔ابھی چند دنوں سے ایک بار پھر آٹا مہنگا ہونا شروع ہوگیا ہے جو کہ بڑی تشویشناک بات ہے۔

گزشتہ روز وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق رانا تنویر حسین نے اپنی زیرصدارت ملک میں گندم کی پیداوار،دستیابی،خریداری اور مارکیٹ میں قیمتوں کا جائزہ لینے کے لیے وہیٹ بورڈ کے 9ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ملک میں گندم کی کوئی قلت نہیں اس کی قیمتوں میں اضافہ اور ذخیرہ اندوزی کیخلاف کاروائی ہوگی۔انہوں نے انکشاف کیا کہ رواں برس گندم کی پیداوار گزشتہ سال کے مقابلے میں 13لاکھ 60ہزار میٹرک ٹن زیادہ رہنے کا تخمینہ ہے۔اجلاس میں ملک بھر میں گندم کی مجموعی صورتحال تفصیلی جائزہ لیا گیا۔صوبائی نمائندوں نے متفقہ طور پر اجلاس کو آگاہ کیا کہ ملک میں گندم کے وافر ذخائر موجود ہیں۔انہوں نے عزم کا اعادہ کیا کہ عوام کے مفادات کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔وفاقی حکومت صوبائی حکومتوں کے تعاون سے ذخیرہ اندوزی کی روک تھام،مارکیٹ کی نگرانی اور صارفین کو مناسب قیمتوں پر گندم کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری انتظامی اورقانونی اقدامات کرے گی۔

ہم سمجھتے ہیں کہ ملک میں گندم کے وافر مقدار کا ہونا اور گندم کی کوئی کمی نہ ہونے کے حوالے سے وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق رانا تنویر حسین کا مذکورہ بیان تعجب خیز،حیران کن اور حقیقت کے برعکس ہے کیونکہ اس وقت صوبائی دارالحکومت سمیت ملک میں آٹے کی قیمتوں میں اضافہ ہونا شروع ہوگیا ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق رانا تنویر حسین کو مذکورہ اجلاس سے اپنے خطاب کو عملی جامہ پہنانا چاہیے کیونکہ جب تک ایسا نہیں کیا جاتا ملک میں گندم کی صورتحال ایسی ہی رہے گی اور عوام آٹا مہنگے داموں خریدنے پر مجبور ہوں گے کیونکہ یہ اس کی ضرورت ہے۔اس ضمن میں ذخیرہ اندوزی اور منافع بخش مافیاز کیخلاف بھرپور کاروائی کرنی چاہیے جو کہ انتہائی ناگزیر ہے۔